مغز جرأت مندانہ مضمون "صرف مولوی ہی قصوروار کیوں"؟ حق کی آواز ہے بر سر اقتدار طبقہ اور عوام الناس کی صحیح رہنمائی اور خیر خواہی ہے۔ اگر مضائقہ نہ ہو تو الگ شائع کر کے ترجیحی بنیاد پر گھر گھر پہنچائیں اللہ تعالیٰ اس جہاد خیر میں آپ کی غائبانہ نصرت فرمائے۔

لادین حکومت کی مداخلت فی الدین کی مذمت کے لئے ہر ممکنہ جہاد وقت کا اہم ترین تقاضا ہے۔ یہ سب ہماری بد نصیبی اور شامت اعمال کا اثر ہے کہ

پھول ہوں پابند اور کانٹوں کو آزادی ملے
خوب ہے اے گلستاں والو یہ نیا دستور بھی

گانے بجانے کی خرافات اور محافل موسیقی سینما ریڈیو، ٹی وی کے اخلاق سوز پروگرام اخباروں میں فلمی اشتہارات کی بھرمار مسلمانوں کی معصوم نسلوں کی اخلاقی بربادی کے سامان وغیرہ پر پابندی لگانے کی بجائے مساجد میں دینی تبلیغی بیانات پر لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی یکطرفہ پابندی حکمرانوں کی عاقبت نااندیشی کی ابتداء ہے اور انجام خدا جانے!

یہ دراصل مرزائی اور رافضی گٹھ جوڑ اور سازش کے نتیجہ میں اہل سنت کے خلاف انتقامی کارروائی مرتب کی گئی ہے۔ ایک طرف مرزا طاہر کے نشریہ و مطبوعہ خطبات ڈش انٹینا کے ذریعہ ٹی وی پر مسلسل دکھا کر مسلمانوں کی غیرت و حمیت دینی کا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔ تو دوسری طرف رافضی مقرروں کے ذریعہ میڈیا پر دین اسلام کو مسخ کر کے پیش کیا جا رہا ہے۔ کاش کہ مسلمان خواب غفلت سے جلد بیدار ہوں اور متحدہ و متفقہ طور پر حسبِ سابق کفر و الحاد اور زندقہ کے خلاف سینہ سپر ہو جائیں اور دشمنانِ دین کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیں۔ سرحدی علاقوں میں بے سمجھ مسلمانوں کو زبردستی مرتد بنایا جا رہا ہے۔ بیرونی سفارت خانوں میں کلیدی عہدوں پر مرزائیوں کی تقرری غیر ملکی سازش اور بھرپور تعاون سے ہو رہی ہے مذکورہ شمارہ میں عبدالتواب شیخ ص ۴۸ اور حافظ شفیق الرحمن ص ۵۰ اور ادھر ادھر سے نثار النبی ص ۵۷ کے حوالہ جات مسلمانوں کے لئے سخت دل آزاری کا باعث ہیں۔ جریدہ تکبیر اور چٹان سے ماخوذ یہ مضامین صرف ان کے قارئین تک ہی پہنچ پاتے ہیں اس لئے ادارہ نقیب ختم نبوت مذکورہ تمام مضامین اور عنوانات کی اشاعت عام ہنگامی بنیاد پر فرما کر بے خبر مسلمانوں کو خبردار کرے اور جگائے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہمت اور توفیق دے کہ وہ اس قلمی جہاد اور احتجاج کو زبردست قومی تحریک بنا دیں اور ناقابل تسخیر کامیابی سے ہمکنار ہوں تاکہ تحریک تحفظ ختم نبوت کی یاد پھر تازہ ہو جائے۔ آمین یا الہ العالمین۔ شہداء ختم نبوت زندہ باد

راہِ حق میں جو بشر جان دیا کرتے ہیں
حمایت ان کی فرشتے بھی کیا کرتے ہیں

والسلام۔ غمزدہ: فقیر عبدالواحد بیگ (بنیاد پرست) ملتان